# عبادت کی وضاحت

**مجیب:** ابوحذیفہ محمد شفیق عطاری

**فتوی نمبر:**WAT-930

**تاریخ اجراء:**30ذوالحجۃ الحرام1443ھ /30جولائی2022ء

## دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

عبادت کیا ہے، کیا صرف نماز، روزہ ہی عبادت ہے، یا ربِّ کریم کی رِضا کے لیے کیا گیا ہر اچھا کام عبادت ہے؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

مفسرِ قرآن، حکیم الامت حضرت علامہ مولانا مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب علم القرآن، کے صفحہ 104 سے صفحہ 111 (مطبوعہ مکتبۃ المدینہ) پر عبادت کے معانی و مفہوم اور قسموں کا بیان فرمایا ہے، جس کا خلاصہ یہ ہے کہ عبادت قرآن شریف کی اصطلاحوں میں بہت اہم اور نازک اصطلاح ہے۔ عبادت بہت طرح کی ہوتی ہے، جانی، مالی، بدنی، وقتی وغیرہ مگر اس کی بنیادی طور پر دو قسمیں ہیں:

ایک وہ جس کا تعلق براہِ راست اللہ کریم سے ہو، کسی بندے سے نہ ہو۔ جیسے نماز، روزہ، حج، زکوۃ، جہاد وغیرہ کہ بندہ ان کاموں سے صرف ربِّ کریم کو راضی کرنے کی نیت کرتا ہے، بندے کی رضا کا اس میں دخل نہیں ہوتا۔

دوسری قسم وہ جس کا تعلق بندے سے بھی ہے اور ربِّ کریم سے بھی، یعنی جن بندوں کی اطاعت کا اللہ پاک نے حکم دیا ہے، خدا کو راضی کرنے کے لیے ان کی اطاعت کرنا، رب تعالی کی عبادت ہے۔ جیسے والدین کی فرمانبرداری، مرشد واستاد کی خوشی، نبی پاک صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر درود شریف پڑھنا، رشتہ داروں کے حقوق ادا کرنا، غرضیکہ **کوئی بھی جائز کام ہو، اگر اس میں اللہ پاک کو راضی کرنے کی نیت کرلی جائے، تو وہ اللہ کریم کی عبادت بن جاتے ہیں اور ان پر ثواب ملتا ہے،** حتی کہ جو اپنے بیوی بچوں کو کما کر اس لیے کھلائے کہ یہ سنتِ رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم ہے، اللہ پاک اس سے راضی ہوتا ہے، تو کمانا بھی عبادت ہے اور جو خدا کا رزق اس لیے کھائے کہ ربِّ کریم کا حکم ہے: ﴿كُلُوۡا وَاشۡرَبُوۡا﴾ اور حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی سنت ہے، فرائض وواجبات ادا کرنے کا ذریعہ ہے، تو کھانا بھی عبادت ہے۔ اسی لیے مجاہد فی سبیل اللہ غازی کا کھانا، پینا، سونا، جاگنا عبادت ہے بلکہ ان کے گھوڑوں کی رفتار بھی عبادت ہے۔ لہٰذا اماں

باپ کوراضی کرنا، ان کی اطاعت کرنا، ربِّ کریم کی عبادت ہے، نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر جان ومال قربان کرنا اُس سرکار کی اطاعت اور اللہ پاک کی عبادت بلکہ اعلیٰ ترین عبادت ہے۔

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم


Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net daruliftaahlesunnat DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat feedback@daruliftaahlesunnat.net